خبرنامہ

ادارہ

ادارہ علوم القرآن کے زیر اہتمام آئندہ سیمینار ''معاشی مسائل اور قرآنی تعلیمات'' کے موضوع پر:

قرآن مجید تمام انسانوں کے لیے رہنمائی کا ذریعہ (ھدیً للناس) ہے اور یہ رہنمائی کسی خاص مدت یا انسانی زندگی کے کسی خاص شعبہ تک محدود نہیں ہے بلکہ تا قیامت جملہ شعبہ ہائے انسانی کو محیط ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ تاریخ کے دوسرے ادوار کے مقابلہ میں جدید دور کا انسان نہایت سنگین اور گوناگوں سماجی و اخلاقی اور معاشی و سیاسی مسائل سے دوچار ہے۔ ان حالات میں یہ جاننا بہت ضروری ہو جاتا ہے کہ قرآن عہد حاضر کے انسان کو درپیش مسائل کا کیا حل پیش کرتا ہے اور اس سلسلہ میں اس کی تعلیمات و ہدایات سے کیا رہنمائی حاصل ہوتی ہے۔ قرآن کریم کی روشنی میں ان مسائل پر غور و خوض اور تبادلہ خیال کے لیے 'ادارہ علوم القرآن' کے زیر اہتمام ''معاشی مسائل اور قرآنی تعلیمات'' کے موضوع پر دوروزہ سیمینار ان شاء اللہ تعالیٰ ۷-۸/نومبر ۲۰۱۰ء میں علی گڑھ میں منعقد ہوگا۔ اس سیمینار سے متعلق چند ضروری باتیں درج ذیل ہیں:

☆ سیمینار کے ڈائرکٹر پروفیسر اشتیاق احمد ظلی (صدر ادارہ علوم القرآن) اور اس کے کنوینر پروفیسر عبدالعظیم اصلاحی (سکریٹری ادارہ علوم القرآن) ہیں۔

☆ مقالہ ارسال کرنے کی آخری تاریخ ۳۰ جون ۲۰۱۰ء مقرر کی گئی ہے۔

☆ عندالضرورت نظر ثانی کے بعد مقالہ جمع کرنے کی آخری تاریخ ۳۰ ستمبر ۲۰۱۰ء ہے۔

☆ مقالہ اردو، عربی و انگریزی کسی زبان میں تیار کیا جا سکتا ہے۔

☆ مقالہ زیادہ سے زیادہ بیس صفحات پر مشتمل ہونا چاہیے۔

☆ مقالہ کی ٹائپ شدہ کاپی مع سی ڈی مطلوب ہے۔

☆ یہ سیمینار انشاء اللہ ادارہ علوم القرآن کے کانفرنس ہال، شبلی باغ، علی گڑھ میں میں منعقد ہوگا۔

سیمینار کے لیے مجوزہ ذیلی عناوین حسب ذیل ہیں:

☆ قرآن کا نظریۂ پیداوار اور اس کی امتیازی خصوصیات۔

☆ عوامل پیداوار-قرآن اور روایتی معاشیات میں تقابلی مطالعہ۔

☆ قرآنِ کریم اور افزائش دولت۔

☆ قرآن کا نظریۂ صرف (Consumption) اور صارفیت (Consumerism)۔

☆ قرآنِ کریم اور تقسیمِ دولت۔

☆ تحریمِ ربا کے معاشی اثرات۔

☆ قرآن کا نظام تقسیمِ وراثت اور اس کی معاشی حکمت۔

☆ قرآن کی روشنی میں عورت کی معاشی تمکین (Economic Empowerment)

☆ معاصر معاشرہ میں زکوٰۃ کا معاشی رول- ازالۂ غربت، تخفیف فوارق، باہمی مواساۃ کا فروغ، وغیرہ کے باب میں۔

☆ قرآن اور بین الاقوامی تجارت۔

☆ تجارت اور کاروبار کے قرآنی اصول۔

☆ قرآن اور مالیاتِ عامہ/ اضافی ٹیکسوں کا مسئلہ۔

☆ قرآن اور جزیہ: اس سے متعلق ماضی و حال میں اختلافات کا جائزہ۔

☆ اسلامی مالیاتی پالیسی میں زکوٰۃ کا رول۔

☆ قرآن کی روشنی میں مصارف عامہ (Public Expenditure)۔

☆ قرآن اور معاشی تعمیر و ترقی۔

☆ قرآن اور انسانی وسائل (Human Resources Development) کی نشو نما۔

☆ قرآن اور معاشی عدل: دوسرے معاشی نظاموں سے موازنہ۔

☆ قرآن کا معاشی اعجاز۔